# 10-05-2024 FRIDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلہ کے تحت تلنگانہ کی سترہ سیٹوں پر انتخابی تشہیری مہم کل اختتام پذیر ہوگی۔

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے الزام لگایا کہ بی آر ایس نے دس سالوں تک تلنگانہ کے لوگوں کا استحصال کیا ہے۔ مودی نے کہا کہ اب ریاست کو کانگریس لوٹ رہی ہے۔

☆ کانگریس صدر ملک ارجن کھرگے نے دعویٰ کیا کہ وزیراعظم نریندر مودی لوک سبھا انتخابات میں ناکامی کے ڈر سے انتخابی مہم میں غلط بیانی سے کام لے رہے ہیں۔

☆ حیدرآباد پولیس نے اس مہینہ کی 13 تاریخ کو لوک سبھا انتخابات کے تناظر میں کئی تحدیدات عائد کی ہیں۔

☆☆☆☆☆

وزیراعظم نریندر مودی نے آج اس بات کا یقین دلایا کہ ان کی قیادت میں ایس سی، ایس ٹی اور او بی سی طبقات کے حقوق محفوظ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب تک مودی زندہ ہے کوئی ایس سی، ایس ٹی اور او بی سی کے تحفظات کو ہاتھ نہیں لگا سکتا۔ وزیراعظم نے مہاراشٹرا میں منعقدہ ایک جلسہ کے دوران یہ بات کہی۔ مودی نے کہا کہ ہر خاندان کو گھر، پانی اور بجلی کی سہولت فراہم کرنے کے عہد کے وہ پابند ہے۔ وزیراعظم نے الزام لگایا کہ انڈیا اتحاد کے لیڈر عوام کے بھروسہ پر حملہ کررہے ہیں اور ملک سے ہندو دھرم ختم کرنے کی سازش کررہے ہیں۔

☆☆☆☆☆

دہلی ایکسائز پالیسی کیس میں سپریم کورٹ نے دہلی کے وزیراعلیٰ اروند کجریوال کی یکم جون تک عبوری ضمانت منظوری کی ہے۔ عدالت عظمیٰ نے کجریوال کو ضمانت منظور کرنے کے دوران کسی قسم کی شرط نہیں رکھی ہے۔

☆☆☆☆☆

ایئر انڈیا ایکسپریس نے چیف لیبر کمشنر کے دفتر میں منعقدہ ایک اجلاس میں انتظامی کمیٹی کے ارکان اور عملہ کے بیچ مشاورت کے بعد یہ اعلان کیا کہ ایئر لائن خدمات بحال کی جارہی ہے۔ ایئر لائن انتظامیہ نے دو دن پہلے برطرف کئے گئے عملہ کے پچیس ارکان کو بھی بحال کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ایئر انڈیا ایکسپریس نے مسافرین سے کہا کہ وہ ایئرپورٹ روانہ ہونے سے پہلے اپنی پرواز کا موقف دیکھ لیں۔ ایئر لائن نے کہا کہ اگر کوئی پرواز منسوخ ہوتی ہے یا تین گھنٹے سے زیادہ اس میں تاخیر ہوتی ہے تو مسافرین کو مکمل رقم واپس لینے کا اختیار رہے گا یا پھر وہ بغیر کسی فیس کے کسی دوسری تاریخ کو اپنی پرواز ری شیڈول کرا سکتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ میں لوک سبھا انتخابات میں بیشتر سیٹوں پر دو رخی مقابلہ دیکھا جارہا ہے۔ بعض لوک سبھا حلقوں میں کانگریس اور بی جے پی کے درمیان مقابلہ ہے تو بعض سیٹوں پر کانگریس اور بی آر ایس آمنے سامنے ہیں۔ حالانکہ بی آر ایس چیوڑلہ حلقہ میں مضبوط ہے تاہم تیزی سے بدلتے تناظر میں کانگریس اور بی جے پی اس سیٹ پر کامیابی کا دعویٰ پیش کررہے ہیں۔ لوک سبھا انتخابات میں بی آر ایس اپنے ووٹ بینک کو برقرار رکھنے کیلئے جدوجہد کرتی نظر آرہی ہے۔ ملکاجگیری میں بھی کانگریس اور بی جے پی کے بیچ کڑا مقابلہ ہونے کی امید ہے۔ اس سیٹ پر بی آر ایس کا کیڈر کسی کی بھی جیت کیلئے اہم کردار ادا کرسکتا ہے۔ محبوب نگر لوک سبھا حلقہ میں بھی بی جے پی اور کانگریس کے بیچ کانٹے کی ٹکر ہونے کی امید ہے۔ یہاں بھی بی آر ایس سے جڑا کیڈر انتخابی نتیجہ پر اثر انداز ہوسکتا ہے۔ میدک لوک سبھا حلقہ میں بی آر ایس اپنی ساکھ برقرار رکھنے کیلئے جدوجہد کررہی ہے۔ اس حلقہ میں بھی بی جے پی اور کانگریس سے سخت مقابلہ ہونے کی امید ہے۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ میں سترہ لوک سبھا حلقوں پر چوتھے مرحلہ کے تحت انتخابی تشہیری مہم کل اختتام پذیر ہوگی۔ ریاست میں سترہ ارکان پارلیمان کو منتخب کرنے کیلئے 13 مئی پیر کو رائے دہی ہوگی۔ حالانکہ رائے دہی کا وقت صبح سات سے شام پانچ بجے مقرر تھا تاہم ریاست کے موسمی حالات کو دیکھتے ہوئے اس میں تبدیلی کی گئی اور صبح سات سے شام چھ بجے تک ووٹ ڈالے جاسکتے ہیں۔ ریاست میں کانگریس، بی جے پی اور بی آر ایس زیادہ سے زیادہ سیٹیں جیتنے کیلئے جم کر تشہیری مہم کر رہی ہے۔ کل شام چھ بجے تشہیری مہم ختم ہوگی۔

☆☆☆☆☆

حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی ہے کہ تلنگانہ میں تیرہ مئی یعنی رائے دہی کے دن شدید بارش ہوسکتی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق پوری ریاست میں پیر کے روز بارش کا امکان ہے۔ حالیہ دنوں ہوئی بارش کے بعد گزشتہ تین دنوں سے اعظم ترین درجہ حرارت میں کمی آئی اور یہ تقریباً پینتیس ڈگری سلسیس تک کم ہوا۔ محکمہ موسمیات نے کہا کہ آئندہ تین دنوں تک ہلکی تا اوسط بارش اور پیر کو شدید بارش کا امکان ہے۔ آئندہ منگل سے درجہ حرارت میں پھر سے اضافہ ہوسکتا ہے۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ حکومت نے لوک سبھا انتخابات کے تناظر میں اس مہینہ کی 13 تاریخ کو بااجرت رخصت کا اعلان کیا ہے۔ اس ضمن میں تمام ضلع کلکٹروں کو احکامات جاری کردیئے گئے ہیں۔ حکومت نے تمام خانگی کمپنیوں اور اداروں کو بھی ہدایت دی ہے کہ رائے دہی کے دن تعطیل کا اعلان کریں۔

☆☆☆☆☆

دہلی ہائی کورٹ نے شراب پالیسی گھٹالہ کیس میں بی آر ایس ایم ایل سی کے کویتا کی ضمانت کی عرضی پر سماعت کو ملتوی کردیا۔ عدالت نے ای ڈی کی جانب سے ضمانت کی عرضی پر بحث کیلئے مزید وقت مانگنے کے بعد کیس کی سماعت کو چوبیس مئی تک ملتوی کردیا۔

☆☆☆☆☆

وزیراعظم نریندر مودی نے الزام لگایا کہ بی آر ایس نے دس سالوں تک تلنگانہ کے لوگوں کا استحصال کیا ہے۔ مودی نے کہا کہ اب ریاست کو کانگریس لوٹ رہی ہے۔ وزیراعظم نے آج دوپہر نارائن پیٹ میں ایک عوامی ریالی سے خطاب کیا۔ انہوں نے محبوب نگر بی جے پی امیدوار ڈی کے ارونا کے حق میں انتخابی مہم چلائی۔ وزیراعظم نے الزام لگایا کہ بی آر ایس حکومت نے کالیشورم کے نام پر لوٹ کی اور اب کانگریس حکومت اقتدار میں آنے کے بعد اسی روش پر چل رہی ہے۔ انہوں نے کانگریس حکومت پر آر آر ٹیکس وصول کرنے پر تنقید کی۔ وزیراعظم نے تلگو زبان میں پالمورو کے لوگوں کو خطاب کرتے ہوئے اپنی تقریر کا آغاز کیا۔ انہوں نے کہا کہ مودی کی ضمانت کا مطلب ترقی کی ضمانت اور سلامتی کی ضمانت اور عالمی سطح پر ہندوستان کو اعزاز کی ضمانت ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو بھی وعدے کئے گئے تھے اسے پورا کیا گیا ہے۔ نریندر مودی نے کہا کہ گزشتہ دس برسوں کے دوران تلنگانہ کو لاکھوں کروڑوں روپئے فراہم کئے گئے لیکن یہ فنڈس بدعنوان لوگوں کے اے ٹی ایم میں گئے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ کانگریس پارٹی ہندوؤں کے ساتھ دوسرے درجہ کے شہریوں جیسا سلوک کر رہی ہے۔

☆☆☆☆☆

کانگریس صدر ملک ارجن کھرگے نے دعویٰ کیا کہ وزیراعظم نریندر مودی لوک سبھا انتخابات میں ناکامی کے ڈر سے انتخابی مہم میں غلط بیانی سے کام لے رہے ہیں۔ حیدرآباد میں آج ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کھرگے نے الزام لگایا کہ وزیراعظم مودی اور وزیر داخلہ امیت شاہ اور دیگر بی جے پی قائدین کی تقریریں صرف کانگریس پارٹی کو نشانہ بنانے اور گمراہ کن بیانیہ پر مبنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ دس سالوں کی کارکردگی بتانے اور انتخابی منشور پر بات کرنے کے بجائے مودی نے کانگریس پر حملوں کو تیز کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں کی توجہ حقیقی مسائل سے ہٹانے کی کوشش کی جارہی ہے۔ کھرگے نے سوال کیا کہ مودی حکومت نے سال 2021 میں قومی مردم شماری کیوں نہیں کرائی۔ کانگریس صدر نے کہا کہ تلنگانہ میں ریاستی حکومت نے اسمبلی انتخابات میں کئے گئے اپنے چھ وعدوں میں سے پانچ وعدوں پر عمل کیا ہے۔ انہوں نے وعدہ کیا کہ کانگریس حکومت حالیہ بارش میں فصلوں کو ہوئے نقصان سے متاثر ہوئے کسانوں کی مدد کرے گی۔ کھرگے نے کہا کہ اگر کانگریس کی قیادت والے اتحاد کی حکومت بنتی ہے تو مختلف سرکاری محکموں میں مخلوعہ تیس لاکھ جائیدادوں کو پُر کیا جائے گا اور قانون سازی کے ذریعہ فصلوں پر اقل ترین امدادی قیمت کی ضمانت دی جائے گی۔ بعد میں کھرگے نے نلگنڈہ ضلع کے نکریکل میں پارٹی امیدوار کے حق میں انتخابی مہم چلائی۔

حیدرآباد پولیس نے اس مہینہ کی 13 تاریخ کو لوک سبھا انتخابات کے تناظر میں کئی تحدیدات عائد کی ہیں۔کل شام چھ بجے سے چودہ تاریخ کی صبح تک یہ پابندیاں عائد رہیں گی۔ پولیس نے واضح کیا کہ پولنگ مراکز کے حدود کے اندر پانچ افراد جمع نہ ہوں۔اس مدت کے دوران شراب کی تمام دکانیں بند رہیں گی۔عوامی مقامات پر عارضی شامیانے اور پنڈال بنانے کی اجازت نہیں رہے گی۔رائے دہی کے دن پولنگ مراکز سے دوسو میٹر کے اندر دفعہ 144 نافذ رہے گی۔

☆☆☆☆☆

ریاستی وزیر اُتم کمار ریڈی نے کہا ہے کہ کالیشورم معاملہ میں عدالتی کمیشن کی رپورٹ کے مطابق کاروائی کی جائے گی۔حیدرآباد میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مالیاتی وسائل پر کابینہ کی سب کمیٹی کی تشکیل دی گئی ہے جس میں ان کے علاوہ بھٹی وکرما آرکا اور سریدھر بابو شامل ہے۔اُتم کمار ریڈی نے الزام لگایا کہ چندر شیکھر راوٴ نے محکمہ آبپاشی کو مکمل طور پر تباہ کردیا ہے۔انہوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ کانگریس پارٹی نلگنڈہ اور بھوانگری سیٹوں پر بھاری اکثریت سے کامیاب ہوگی۔

☆☆☆☆☆

پداپلی ایس سی لوک سبھا حلقہ میں زیادہ تر ملازمین اور مزدور پیشہ طبقہ رہتا ہے اور اس سیٹ پر کانگریس، بی جے پی اور بی آر ایس انتخابی میدان میں ہے۔اس حلقہ میں 16 لاکھ سے زیادہ رائے دہندے ہیں۔ یہاں سے 42 امیدوار اپنی قسمت آزمارہے ہیں۔پداپلی میں ٹی پی سی راماگنڈم،آر ایف سی ایل اور سنگارینی کوئلے کی کانیں ہیں۔حال ہی میں کانگریس سے بی جے پی میں شامل ہونے والے جی سرینواس نے اپنی کامیابی کا دعویٰ کیا ہے۔بی آر ایس امیدوار اور سابق وزیر کے ایشور بھی بی آر ایس حکومت کے ترقیاتی پروگراموں کے حوالے سے اپنی مہم چلارہے ہیں۔کانگریس امیدوار جی ومشی کرشنا حلقہ میں بے روزگاروں کو ملازمت فراہم کرنے کا وعدہ کرتے ہوئے ووٹروں کو راغب کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔

☆☆☆☆☆